مفت تقسیم کے لیے

اُردُو

# بال بھارتی

## پہلی جماعت



## • ٹیلی مانس پروگرام

Tele-MANAS (Tele Mental Health Assistance and Networking Across States)

(ٹیلی مینٹل ہیلتھ اسسٹنس اینڈ نیٹ ورکنگ اکراس اسٹیٹس)

(14416/1800-89-14416)

قومی ذہنی صحت پروگرام کے تحت 'ٹیلی مانس' مرکزی حکومت کی اسپانسر شدہ ایک اسکیم ہے جو ریاست مہاراشٹر میں شروع کی گئی ہے۔ یہ پروگرام اکتوبر 2022 سے جاری ہے۔ ٹیلی مانس کے تحت فون نمبر 1441 کے ذریعے ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ذہنی صحت سے متعلق جامع خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مختلف ذہنی مسائل کے شکار افراد کے لیے ماہرین کے ذریعے مشورے اور علاج سے متعلق معلومات دستیاب ہے۔ ٹیلی مانس ہیلپ لائن پر کی جانے والی کال کے ذریعے دی گئی تمام معلومات مکمل رازداری میں رکھی جاتی ہے۔ والدین، طلبہ اور اساتذہ بلا جھجک اپنے مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں فون پر بات کریں اور اس ہیلپ لائن سے دیگر لوگوں کو بھی فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

مرکزی حکومت کی اس اسکیم کے ذریعے ٹیلی مانس ایپ شروع کیا گیا ہے جو مراٹھی زبان میں بھی دستیاب ہے۔ اس ایپ پر ذہنی صحت اور نفسیاتی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہے۔ ٹیلی مانس ایپ ڈاؤن لوڈ کے لیے مفت دستیاب ہے۔

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونہ کی جانب سے تیار کردہ نصاب اور درسیات کے مطابق یہ درسی کتاب بنائی گئی ہے اور اس کے ذریعے اس کی جانچ کی گئی ہے۔ سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر۱۶/۴۳) ایس ڈی-۴ مورّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۱۶/اپریل ۲۰۲۵ء کو منعقدہ نشست میں اس درسی کتاب کو تعلیمی سال ۲۶-۲۰۲۵ء سے متعین کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔



## اُردو

# بال بھارتی

## پہلی جماعت

سمگر شِکشا

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

درسی کتاب میں درج Q.R. Code کے ذریعے ڈیجیٹل درسی کتاب، اسی طرح درس و تدریس کے مواد کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : ۲۰۲۵ء (2025)
اصلاح شدہ ایڈیشن : ۲۰۲۶ء (2026)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

**اُردو لسانی کمیٹی:**

- جناب محمد یٰسین محمد عمر اعظمی (صدر)
- جناب عبدالملک عبدالقادر نظامی (رکن)
- جناب عبدالاعلیٰ عبداللطیف (رکن)
- جناب مومن وسیم احمد محمد فاروق (رکن)
- جناب انصاری اشفاق احمد محمد عمر (رکن)
- جناب وسیم فرحت خلیل فرحت (رکن)
- جناب عبدالقیوم کفایت خان (رکن)
- محترمہ نازیہ ذاکر شیخ (رکن)
- جناب متین احمد خان غلام منظور خان (رکن)
- ڈاکٹر محمد محسن احمد محمد امین (رکن)
- جناب انصاری امتیاز محمد ایاز (رکن)
- جناب وسیم عقیل شاہ (رکن)
- جناب خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**Co-ordinator Urdu**
Mr. Khan Navedul Haque Inamul Haque
I/c Special Officer for Urdu
Balbharati

**D.T.P. & Layout**
Mr. Asif Nisar Sayyed
Yusra Graphics,
Shop No. 5, Anamay Bldg.,
305, Somwar Peth, Pune-11.

**Artists**
Mr. Rajendra Girdhari
Mr. Asif Nisar Sayyed

**Cover**
Mr. Bhatu Ramdas Bagale

**Production**
**Smt. Mitali M. Shitap**
I/c Chief Production Officer
**Shri Rajendra Pandloskar**
Production Officer

**Paper:** 70 GSM Cream Wove

**Print Order:** N/PB/2026-27/(1000)

**Printer:** Mustafa Offsets,Mumbai

**Publisher:**
**Shri Sachin Mehta**
I/c Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 400 025.

# بھارت کا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:
انصاف، سماجی، معاشی اور سیاسی؛
آزادیِ خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛
مساوات بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،
اور ان سب میں
اُخوّت کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

# بھارت کا آئین

### حصہ 4 الف

## شہریوں کے بنیادی فرائض

**اقتباس 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ –**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) سرپرستوں کو چاہیے کہ چھے سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔
پَنجاب، سِندھ، گُجرات، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،
وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرَنگ،
تَوَ شُبھ نامے جاگے، تَوَ شُبھ آشِس ماگے،
گاہے تَوَ جَیَہ گاتھا،
جَنَ گَنَ منگل دایک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیہ وِدھاتا۔
جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

پیارے بچّو!

تم نے اس سال پہلی جماعت میں داخلہ لیا ہے۔ ہم تمھارا دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں۔ اُردو بال بھارتی، پہلی جماعت کی یہ درسی کتاب تمھارے ہاتھوں میں دیتے ہوئے ہمیں بڑی خوشی ہو رہی ہے۔

یہ درسی کتاب قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء اور اس پر مبنی بنیادی نصابِ تعلیم ۲۰۲۴ء کے مطابق تیار کی گئی ہے۔ اس درسی کتاب کے ذریعے تصویر خوانی، گیت، کہانی، تصویری کہانی، حروف، اعراب، زبان دانی کے معمے، زبان دانی کے کھیل اور سرگرمیاں وغیرہ بہت ساری باتیں تم سیکھو گے۔ اس کتاب کی مدد سے یقینی طور پر تمھاری زبان دانی کی بنیاد مضبوط ہوگی اور تم اُردو زبان بہ آسانی لکھ، پڑھ اور بول سکو گے۔ زبان دانی کی تعلیم کو پر لطف اور دلچسپ بنانے کے لیے درسی کتاب میں مضمون کے لحاظ سے دیدہ زیب اور خوب صورت تصویریں بھی دی گئی ہیں۔ یہ کتاب یقیناً تمھیں بہت پسند آئے گی۔

اس کتاب میں بہت سی نظمیں اور گیت دیے ہوئے ہیں۔ ان سب کو تمھیں سُر، تال اور حرکات و سکنات کے ذریعے پیش کرنا ہے۔ اِن نظموں اور گیتوں کو پڑھ کر تمھیں بہت مزہ آئے گا۔ درسی کتاب میں دی ہوئی تصویری کہانیاں اور دیگر کہانیاں سن اور پڑھ کر تمھیں بہت خوشی محسوس ہوگی۔ کہانی سننے اور سنانے میں تم مگن ہو جاؤ گے۔ تصویر خوانی کرتے وقت تمھیں یہ منظر بہت پسند آئیں گے اور تم اس پر آپس میں بات چیت بھی کر سکو گے۔

درسی کتاب میں حروفِ تہجی اور پڑھائے جانے والے اسباق اس طرح پیش کیے گئے ہیں جن سے تم آہستہ آہستہ حروفِ تہجی اور اعراب کی شناخت کر سکو گے۔ اِن حرفوں پر مبنی اسباق کو آسانی سے پڑھ سکو گے۔ اسباق کو دیدہ زیب تصویروں سے مزین کیا گیا ہے اور اس کی ترتیب اس طرح رکھی گئی ہے کہ وہ تمھیں بہت پسند آئے گی۔ حروف سیکھتے وقت تصویروں سے الفاظ پہچاننا، الفاظ میں موجود حرفوں کو پہچاننا، ان پر ہاتھ پھیرنا اور الفاظ لکھنا، اِس طرح کی مشق سے تم ایک ایک حرف سے متعارف ہو جاؤ گے۔ حروف اور اعراب کی شناخت ہو جانے کے بعد تم چھوٹے چھوٹے الفاظ لکھ سکو گے اور ساتھ ہی چھوٹے چھوٹے جملے بھی بنا سکو گے۔ اس کتاب میں لفظی کھیل بھی دیے ہوئے ہیں۔ زبان سیکھنا تو ہے لیکن اسے بار بار مشق کے ذریعے پختہ کرتے ہوئے اور کھیل کھیل کے ذریعے۔

درسی کتاب ان تمام نکات کی بنیاد پر تمھاری زبان دانی کی صلاحیت میں زیادہ سے زیادہ پختگی پیدا کرے گی۔ یقینی طور پر تم سال کے اختتام تک اُردو زبان کو اچھے انداز میں بول، پڑھ اور لکھ سکو گے۔

پیارے بچّو! خوشی خوشی اُردو سیکھو، اس کے لیے تمھیں نیک خواہشات!

(کرشن کمار بھاسکر راؤ پاٹل)

ڈائرکٹر

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔

تاریخ: ۳۰/اپریل ۲۰۲۵ء

بھارتی سَور: ۱۰/ویشاکھ، ۱۹۴۷ شکے (اکشے ترتیہ)

# آموزشی ماحصل برائے پہلی جماعت

| طالب علم - | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01.04.01 | چار تا آٹھ مصرعوں والی غیر معروف نظمیں یا چار تا آٹھ جملوں پر مبنی کہانیاں توجہ کے ساتھ سنتا ہے۔ کہانیوں کے بارے میں بات چیت کرتا ہے اور سوالات پوچھتا ہے۔ | ۱ ، ۲۰ ، ۲۶ ، ۵۱ |
| 01.04.02 | دس مصرعوں والی نظمیں سناتا ہے اور بلند آواز سے دہراتا ہے۔ | ۱ ، ۱۳ ، ۱۸ ، ۲۰ ، ۴۵ ، ۵۰ ، ۶۲ ، ۶۶ ، ۶۷ ، ۶۸ ، ۶۹ ، ۷۷ |
| 01.04.03 | معلم کی مدد سے ہم قافیہ الفاظ کو جوڑتا ہے/ چھوٹی چھوٹی نظمیں تیار کرتا ہے۔ | ۱ ، ۱۳ ، ۱۸ ، ۲۰ ، ۴۵ ، ۴۷ ، ۵۰ ، ۶۲ ، ۷۳ ، ۷۴ ، ۷۷ |
| 01.04.04 | گفتگو میں شامل ہوتا ہے۔ بولنے کے لیے اپنی باری کا انتظار کرتا ہے۔ دوسروں کی گفتگو پر توجہ دیتا ہے۔ | ۲ ، ۳ ، ۵ ، ۶ ، ۳۱ ، ۶۳ ، ۸۰ |
| 01.04.05 | جماعت میں پڑھ کر بتائی ہوئی معلومات یا بتائے ہوئے بیانیہ مواد سے، خود کے تجربات سے حاصل کیے ہوئے علم کو مؤثر انداز میں مربوط کرکے اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہے۔ | ۲ ، ۴ ، ۱۴ ، ۲۵ ، ۴۰ ، ۴۴ ، ۴۹ ، ۵۱ ، ۶۱ ، ۸۰ |
| 01.04.06 | آسان نوعیت کی ایک سے زائد ہدایات پر عمل کرتا ہے (بیک وقت ۶ سے ۹ عمل والی ہدایات) | ۸ ، ۱۲ ، ۱۸ ، ۱۹ ، ۲۴ ، ۳۰ ، ۴۰ ، ۴۳ ، ۴۵ ، ۴۶ ، ۶۱ ، ۷۸ ، ۸۳ |
| 01.04.07 | آسان و عام فہم نوعیت کے مختلف کاموں کے بارے میں واضح ہدایت دیتا ہے۔ (ایک وقت میں ۸ سے ۹ ہدایات) | ۷ ، ۴۶ ، ۸۳ |
| 01.04.08 | کہانی کے مقاصد کو سمجھ کر واضح طور پر بیان کرتا ہے اور کہانی کو اپنے انداز میں سناتا ہے۔ | ۴ ، ۸ ، ۵۱ |
| 01.04.09 | سادہ پلاٹ اور کردار کے ساتھ اپنی چھوٹی کہانیاں بیان کرتا ہے۔ | ۴ ، ۵۱ |
| 01.04.10 | تصاویر اور سیاق وسباق کی مدد سے نامعلوم الفاظ کے معانی کا اندازہ لگاتا ہے۔ | ۳ ، ۹ ، ۱۰ ، ۱۵ ، ۲۱ ، ۲۷ ، ۳۱ ، ۳۲ ، ۳۸ ، ۴۰ ، ۴۱ ، ۵۲ ، ۵۸ |
| 01.04.11 | جوڑ حروف میں سے حروفِ صحیح اور حروفِ علت کو الگ کرتا ہے۔ | ۱۲ ، ۴۳ |
| 01.04.12 | حرفوں کی آوازوں میں سے ہم صوت حرف کو الگ الگ کرتا ہے۔ | ۳۷ ، ۶۲ |
| 01.04.13 | علاماتِ اوقاف (ختمہ اور سوالیہ نشان) کو پہچانتا ہے۔ | ۶۶ ، ۶۷ ، ۶۸ ، ۶۹ ، ۷۱ ، ۷۲ ، ۷۵ ، ۷۹ ، ۸۰ ، ۸۵ ، ۸۶ |

| صفحہ نمبر | طالب علم۔ | |
|---|---|---|
| ۱۲ ، ۲۰ ، ۲۵ ، ۳۰ ، ۶۴ ، ۷۰ | تمام حروف (جوڑ حروف کے ساتھ) پہچانتا ہے اور اس سے متعلق آوازوں سے واقف ہوتا ہے۔ | 01.04.14 |
| ۱۷ ، ۱۹ ، ۶۱ ، ۷۰ | کثیر حرفی لفظ پڑھتا ہے۔ (پانچ سے چھے جوڑ حرف والے) | 01.04.15 |
| ۱۸ ، ۸۵ ، ۸۶ | حروفِ تہجی کے تمام حروف اور علامات کا استعمال کر کے از خود الفاظ تیار کرتا ہے اور اس کے لحاظ سے جملے تیار کرتا ہے اور سناتا ہے۔ | 01.04.16 |
| ۴۷ ، ۷۳ ، ۸۵ ، ۸۶ | سیکھے ہوئے حروف اور علامات کا استعمال کر کے از خود جملے لکھتا ہے۔ | 01.04.17 |
| ۶۶ ، ۶۷ ، ۶۸ ، ۷۶ ، ۷۹ ، ۸۷ | درست تلفظ اور علامات کے ساتھ چھوٹے چھوٹے اقتباس پڑھتا ہے۔ | 01.04.18 |
| ۸۷ ، ۸۸ | ایسی کتابیں جن میں ایک ہی نظر میں دکھائی دینے والا متن ہو، ان کا انفرادی مطالعہ کرنا شروع کرتا ہے۔ | 01.04.19 |
| ۴ ، ۵۱ ، ۸۲ | کہانیوں کی اضافی کتابیں پڑھتا ہے اور معلم کی رہنمائی میں سمجھتا ہے۔ | 01.04.20 |
| ۵۱ ، ۸۲ | کہانی کا مطلب اور کرداروں سے واقف ہوتا ہے۔ | 01.04.21 |
| ۱۸ ، ۴۷ ، ۵۰ ، ۶۲ ، ۶۶ ، ۶۷ ، ۶۸ ، ۶۹ ، ۷۳ ، ۷۴ ، ۸۱ | چھوٹی چھوٹی نظمیں پڑھتا ہے اور ان کے لفظی معنی بتاتا ہے۔ | 01.04.22 |
| ۱۳ ، ۴۶ ، ۴۸ | کھیل کھیلنے کی آسان ہدایات پڑھتا ہے اور اس کے مطابق اجتماعی طور پر کھیلتا ہے۔ | 01.04.23 |
| ۸۰ ، ۸۳ | تصویروں کو ترتیب سے لگا کر ان کے ہمراہ روایتی خط میں چھوٹے چھوٹے جملے لکھتا ہے (حروفِ تہجی اور علامتوں کا استعمال کر کے) | 01.04.24 |
| ۷۹ ، ۸۰ ، ۸۷ ، ۸۸ | الفاظ اور مختصر جملے لکھ کر ان کی وضاحت کرتا ہے۔ | 01.04.25 |
| ۸۵ ، ۸۶ | حروفِ تہجی کا استعمال کر کے خود کے تجربات، تصورات یا چیزوں کی وضاحت دو تین جملوں میں خود سے لکھتا ہے۔ | 01.04.26 |
| ۴۹ ، ۷۹ ، ۸۴ | تین چار الفاظ کی املا نویسی کرتا ہے۔ | 01.04.27 |
| ۵۱ ، ۸۲ | کتاب کی پسند کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ مختصر کتابوں کا پابندی سے مطالعہ کرتا ہے۔ | 01.04.28 |

سال کے اختتام پر درج بالا آموزشی ماحصل کا حصول متوقع ہے۔ مندرج صفحات کے علاوہ دیگر صفحات کے مشمولات سے بھی آموزشی ماحصل کا حصول ممکن ہے۔

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | **پہلی اکائی** | |
| ۱۔ | حمد (برائے سماعت) | ۱ |
| ۲۔ | بچّے کا تعارف (بات چیت) | ۲ |
| ۳۔ | باورچی خانہ (بات چیت) | ۳ |
| ۴۔ | بات نہ مانی (برائے سماعت) | ۴ |
| ۵۔ | ہری بھری دنیا (بات چیت) | ۵ |
| ۶۔ | میرا خاندان (بات چیت) | ۶ |
| ۷۔ | میرے روزانہ کے کام (بات چیت) | ۷ |
| ۸۔ | ا، ب، ج، و، ی، ے | ۹ |
| ۹۔ | کھیل کا گیت (برائے عمل) | ۱۳ |
| ۱۰۔ | نیک لڑکی | ۱۴ |
| ۱۱۔ | آ، پ، د، ل، ن، ء | ۱۵ |
| ۱۲۔ | آؤ، آؤ | ۱۸ |
| ۱۳۔ | گرمی کا موسم، لے لو، لے لو | ۲۰ |
| ۱۴۔ | ت، ح، ر، س، م، ہ | ۲۱ |
| | **دوسری اکائی** | |
| ۱۵۔ | سارہ کا روزہ | ۲۵ |
| ۱۶۔ | جوکر (برائے سماعت) | ۲۶ |
| ۱۷۔ | ٹ، خ، ز، ص، ف | ۲۷ |
| ۱۸۔ | سو کا نوٹ | ۲۹ |
| ۱۹۔ | فرق پہچانو | ۳۱ |
| ۲۰۔ | ث، چ، ڈ، ط، ق | ۳۳ |
| ۲۱۔ | طوطا | ۳۶ |
| ۲۲۔ | چار دوست، نانا آئے | ۳۷ |
| ۲۳۔ | ژ، ش، ظ، ع، گ | ۳۸ |
| ۲۴۔ | عید | ۴۰ |
| ۲۵۔ | ذ، ڑ، ض، غ، ک | ۴۱ |
| ۲۶۔ | باغ کی سیر | ۴۴ |
| ۲۷۔ | آؤ، پڑھیں ہم | ۴۵ |
| ۲۸۔ | بچّو! میری بات سنو۔ خالو آئے | ۴۹ |
| | **تیسری اکائی** | |
| ۲۹۔ | چڑیا نہارہی ہے (برائے سماعت) | ۵۰ |
| ۳۰۔ | شیر اور چوہا (برائے سماعت) | ۵۱ |
| ۳۱۔ | بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ | ۵۲ |
| ۳۲۔ | چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ | ۵۵ |
| ۳۳۔ | کھ، گھ، لھ، مھ، نھ | ۵۸ |
| ۳۴۔ | بھولا | ۶۱ |
| ۳۵۔ | بندر | ۶۲ |
| ۳۶۔ | حروفِ تہجی | ۶۴ |
| ۳۷۔ | اَدَب کر، پانی برسے | ۶۶ |
| ۳۸۔ | دِن نِکلا، رِم جِھم | ۶۷ |
| ۳۹۔ | سویرا ہُوا، ریل چلی ہے | ۶۸ |
| ۴۰۔ | اچھا بچّہ، اَمّی اَمّی، اَبّا آئے | ۶۹ |
| ۴۱۔ | اَمجد بیمار ہے | ۷۱ |
| ۴۲۔ | نانی کا گاؤں | ۷۲ |
| | **چوتھی اکائی** | |
| ۴۳۔ | میری پتنگ | ۷۳ |
| ۴۴۔ | پیاری تتلی | ۷۴ |
| ۴۵۔ | دوستی | ۷۵ |
| ۴۶۔ | آسان نیکی | ۷۶ |
| ۴۷۔ | بازار (برائے سماعت) | ۷۷ |
| ۴۸۔ | میرا اسکول | ۷۹ |
| ۴۹۔ | ساجد اور مریم کے کھلونے | ۸۰ |
| ۵۰۔ | امّاں! باجی کہتی ہیں (برائے سماعت) | ۸۱ |
| ۵۱۔ | چالاک کوّا (برائے سماعت) | ۸۲ |
| ۵۲۔ | آؤ، شربت بنائیں (برائے عمل) | ۸۳ |
| ۵۳۔ | مٹّی کے کھلونے (برائے عمل) | ۸۴ |
| ۵۴۔ | جملہ سازی | ۸۵ |
| ۵۵۔ | سچّی خوشی | ۸۷ |
| ۵۶۔ | گاندھی جی | ۸۸ |

مفت تقسیم کے لیے

برائے سماعت

پہلی اکائی

# حمد

تؤ سب کا مالک ، سب کا خدا تؤ
بے آسرا ہم ، اور آسرا تؤ

بندوں پہ شَفقَت ، ہے کام تیرا
لیتے ہیں ہر دَم ، ہم نام تیرا

تؤ نے بنائی ، یہ ساری دُنیا
یہ خوٗب صوٗرت ، یہ پیاری دُنیا

باغوں میں تؤ نے پودے اُگائے
پھوٗل اور پھل سب ، تؤ نے بنائے

لکھنا سِکھایا ، پڑھنا سِکھایا
تؤ نے ہی آگے بڑھنا سِکھایا

(اختر شیرانی)

**ہدایت :**

- پہلے نظم کو سیدھی سادی لَے میں گائے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنے۔
- نظم سے متعلق بچوں سے بات چیت کرے اور چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے۔ ہم قافیہ الفاظ دہرائے۔

بات چیت :

# بچّے کا تعارف



استاد : السّلامُ علیکُم، بچّو!

طلبہ : وعلیکُمُ السّلام۔

استاد : تمھارا نام کیا ہے؟

طالب علم : انور۔

استاد : انور! تمھیں کون سا کھیل پسند ہے؟

طالب علم : مجھے کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔

استاد : تمھارا نام کیا ہے؟

طالبہ : شبنم۔

استاد : شبنم! تمھیں کون سا کھیل پسند ہے؟

طالبہ : مجھے گُڑیوں سے کھیلنا اچھّا لگتا ہے۔

**ہدایت :**

- یہاں طلبہ سے پیاز کی پرتوں کی طرح دائرہ بنا کر سرگرمی کرائے۔
- ہر طالب علم خود کو اپنے سامنے کھڑے ہوئے طالب علم سے متعارف کرائے۔ اس سرگرمی کو تب تک جاری رکھے جب تک ہر طالب علم ایک دوسرے سے متعارف نہ ہو جائے۔

بات چیت :

# باورچی خانہ

* چیزوں کے نام بتاؤ۔



**ہدایت :**

- طلبہ سے تصویر میں نظر آنے والی چیزوں کے نام معلوم کرے۔
- تم اپنے ماں باپ کی مدد کیسے کرتے ہو؟ سوالوں کے ذریعے ان کے خیالات معلوم کرے۔

برائے سماعت

# بات نہ مانی



ایک مُرغی کے چار چوزے تھے۔ چھوٹے چھوٹے، اُجلے اُجلے۔ ایک دن مُرغی اِن چوزوں کو لے کر باہر نکلی۔

راستے میں اُن سے بولی، ”دیکھو! اِدھر اُدھر نہ جانا، ساتھ ساتھ رہنا۔“

سب چوزے بولے، ”چیں چیں۔ ہاں ہاں۔ چیں چیں۔ ہاں ہاں۔“



کچھ دُور تک سب ساتھ چلے۔

راستے میں ایک لمبا پائپ پڑا ملا۔

چوزوں میں ایک چوزہ بڑا نٹ کھٹ تھا۔

پائپ دیکھ کر وہ سوچنے لگا، ”دیکھوں تو بھلا، اِس میں کیا ہے؟“



پائپ کے اندر کالا رنگ لگا تھا۔ وہ پائپ میں گُھس گیا۔ باہر نکلا تو سر سے پاؤں تک کالا۔ ماں کچھ دُور جا چکی تھی۔ چیں چیں کرتے بھاگ کر چوزہ ماں تک پہنچا اور بولا، ”چیں چیں، مَیں آ گیا۔“



مُرغی چوزے کو دیکھ کر بناوٹی غصّے سے بولی، ”تم کون ہو؟“

”چیں چیں، میں تمھارا چوزہ ہوں۔“

”تم میرے چوزے ہو؟ میرے چوزے تو اُجلے اُجلے ہیں اور تم کالے کالے۔ تم میرے چوزے کیسے ہو سکتے ہو!“ کہتے ہوئے مُرغی آگے بڑھ گئی۔ چوزہ چیں چیں کرتا پیچھے پیچھے چلنے لگا۔

**ہدایت :**

- مناسب لب و لہجے میں کہانی سنائے تا کہ بچوں کی دلچسپی برقرار رہے۔ کہانی سے متعلق آسان چھوٹے سوالات پوچھے۔
- تصویری کہانی کی نئی نئی کتابیں پڑھنے کی طرف راغب کرے۔ حرکات و سکنات کے ساتھ کہانی سنانے کی ترغیب دے۔

**بات چیت :**

# ہری بھری دنیا

* آؤ، بات کریں۔



**ہدایت :**

- طلبہ کو تصویر دکھائے اور چھوٹے چھوٹے سوالوں کے ذریعے بات چیت کرے۔
- پالتو جانوروں کے نام معلوم کرے۔
- سابقہ معلومات کو پیش کرنے کا موقع فراہم کرے۔

# میرا خاندان




* **جواب دو۔**

۱۔ ماریہ کے گھر کون آیا؟

۲۔ ماریہ نے احمد کو سب سے پہلے کس سے ملایا؟

۳۔ رشتوں کے نام بتاؤ۔

**ہدایت :**

- طلبہ کو آدابِ ملاقات سے متعلق مزید معلومات دے۔
- زیادہ سے زیادہ بات چیت کا موقع فراہم کرے۔

بات چیت :

# میرے روزانہ کے کام




**ہدایت :**

- تصویریں دکھا کر روزانہ کے کاموں کو سمجھائیے۔ مناسب کاموں کو اپنے معمولات میں شامل کرنے کے لیے کہیے۔
- طلبہ کو روزانہ کے کاموں کے بارے میں اپنے دوستوں سے بات چیت کرنے کے لیے کہیے۔

برائے عمل :

# خط نگاری



**ہدایت :**

- درج بالا آڑی ترچھی لکیروں کی مشق حروف لکھنے میں معاون ثابت ہوگی۔

# ا ب ج و ی ے

## ا

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


اچار


ادرک


اذان


انار

* ہاتھ پھیرو۔

ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا

## ب

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


بادام


بالٹی


برتن

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


کتاب

| | |
|---|---|
| 'ب' کی جوڑ شکلیں : بـ ـبـ ـب بہ ـبہ با ـبا | بات ببر بدن برتن بوتل بہن بی بی |

* ہاتھ پھیرو۔

ب ب ب ب ب ب ب ب ب ب

# ج

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



جالا



جگ



جہاز

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



تاج

| | |
|---|---|
| 'ج' کی جوڑ شکلیں : جـ ـجـ ـج ـجـ ـج | جال جب جوتا جہاز بجلی |

* ہاتھ پھیرو۔

ج ج ج ج ج ج ج ج ج ج ج ج ج

# و

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



وردی



ورق





وقت



وکیل

* ہاتھ پھیرو۔

و و و و و و و و و و و و و

**ہدایت :**

- خیال رہے کہ 'واؤ' کی اوپری گولائی بھری ہوئی ہوتی ہے۔

# ی

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


یاک


یکّا


یاسمین

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


طشتری

’ی‘ کی جوڑ شکلیں : یا یٖ یہ یہ

الیاس یونس پرویز یہاں

* ہاتھ پھیرو۔

ی ی ی ی ی ی ی ی ی ی ی ی ی ی

# ے

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی آخری آواز بتاؤ۔


انڈے


تارے


غبارے


دائرے

* ہاتھ پھیرو۔

ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے

* رنگ بھرو۔

ا ب ج و ی ے

**ہدایت :**

- اس حرفی زمرے میں حروفِ علت کو شامل کیا گیا ہے تاکہ جوڑ حروف سکھانے میں آسانی ہو۔ ہر حرف کی آواز سے شروع ہونے والے الفاظ دیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ ’ے‘ کی شکل لفظ کے شروع میں نہیں آتی۔ یہ ’ی‘ کی مجہول صورت ہے اور لفظ کے آخر میں ہی لکھی جاتی ہے۔ اس بات پر بھی توجہ دلائی جائے کہ ’ی‘ سے شروع ہونے والے لفظ میں ’ی‘ کی شکل بدل جاتی ہے۔
- ’ی / ے‘ کی مکمل شکل لفظ کے آخر میں آتی ہے۔ مثال کے ذریعے الفاظ میں فہمائش کرے۔ مثال : طشتری - ی ، غبارے - ے
- حرفی زمرہ ’ا ، ب ، ج ، و ، ی ، ے‘ کی مدد سے دو حرفی ، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

## سرگرمی

* جوڑیاں لگاؤ۔

| | |
|---|---|
|  | ج |
|  | و |
|  | ا |
|  | ب |

* دیکھو اور سیکھو۔

| | | |
|---|---|---|
| ب + ا = با | ب + و = بو | ب + ی = بی |
| ج + ا = جا | ج + و = جو | ج + ی = جی |
| ی + ا = یا | ی + و = یو | ب + ے = بے |
| | | ج + ے = جے |

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

اب جب بج جی

بجا بجے بیج جیب

بابا باجا باجی بابو بی بی

جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

باجی جا۔

بابو جا۔

بی بی اب جا۔

بابو باجا بجا۔

برائے عمل :

# کھیل کا گیت

* سنو، دہراؤ اور عمل کرو۔



آؤ ، گھیرا ایک بنائیں — اپنے اپنے ہاتھ مِلائیں
سینہ تان کھڑے ہوجائیں — پھر اوپر گردن بھی اُٹھائیں
ایڑی سے ایڑی کو مِلاکر — پیروں کے پنجے پھیلائیں
اپنے اپنے پاؤں اُٹھاکر — چلتے جائیں ، چکّر کھائیں
پہلے چکّر ایک لگاکر — چکّر پر پھر چکّر کھائیں
پھر ہم سب رُک جائیں دَم بھر — آگے ایک قدم بڑھ جائیں

بیٹھ کے اُٹّھیں ، اُٹھ کر بیٹھیں
سَر کو گھُمائیں دائیں بائیں

(شفیع الدّین نیّر)

**ہدایت :**

• پہلے نظم کو سیدھی سادی لَے میں گائیے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہیے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہیے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہیے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنیے۔

اقتباس :

# نیک لڑکی



معراج نیک لڑکی ہے۔ پابندی سے نماز اور قُرآن پڑھتی ہے۔ اپنی باجی کے ساتھ اسکوٗل جاتی ہے۔ سبق یاد کرتی ہے۔ بڑوں کا کہنا مانتی ہے۔ اسے گھر کے سب بڑے بہت پیار کرتے ہیں۔ وہ نیکی کے کام کرتی ہے اور خوٗب ثواب کماتی ہے۔



* پڑھو۔

ا ب ج و ی ے

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

معراج ، نیک ، لڑکی ، پابندی ، اپنی،
باجی ، یاد ، نیکی ، خوٗب ، ثواب

ہدایت :
- یہاں حرفی زمرہ 'ا، ب، ج، و، ی، ے' کو شامل کیا گیا ہے۔ اس طرح کے اقتباسات کو استاد ایک سے دو بار پڑھائے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے۔
- ان حرفوں کو گھر سے نقل کر کے لانے کے لیے کہے۔

# آ پ د ل ن ء

## آ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


آٹا


آدمی


آنکھ


آم

* ہاتھ پھیرو۔

آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ آ

## پ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


پان


پتنگ


پیر

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


بھاپ

* ہاتھ پھیرو۔

پ پ پ پ پ پ پ پ پ پ

# د

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



درزی



دروازہ



دوا



دیوار

| | |
|---|---|
| 'د' کی جوڑ شکلیں : ـد | بدن گیند |

* ہاتھ پھیرو۔

د

# ل

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



لال



لوکی



لہسن

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



بادل

| | |
|---|---|
| 'ل' کی جوڑ شکلیں : لـ ـلـ ـل | لاٹھی لوٹا لمبا |

* ہاتھ پھیرو۔

ل

# ن

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ناخن



نل





نوٹ

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



کان

| | |
|---|---|
| 'ن' کی جوڑ شکلیں : نـ نـ نـ نـ | ناک نوک نمک نانی |

* ہاتھ پھیرو۔

ن ن ن ن ن ن ن ن ن ن ن ن

# ء

* ہاتھ پھیرو۔

ء

ء ء ء ء ء ء ء ء ء ء ء

ء ء ء ء ء ء ء ء ء ء ء

'ء' و، ی اور ے پر لگاتے ہیں۔ (ؤ، ئ، ئے)



لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

| | | |
|---|---|---|
| آؤ | جاؤ | ناؤ |
| آئی | بنائی | لائی |
| آئے | جائے | لائے |

* رنگ بھرو۔



# آؤ، آؤ



شوکت ، روشن ، کوثر آؤ       صولت ، رونق تم بھی آؤ
چوک سے جو نوکر آیا ہے       دودھ جلیبی وہ لایا ہے
ایک قطار میں سب لگ جاؤ       دوڑو ، حوض کو چھوکر آؤ
لوٹ کے جلدی جو آئے گا       دودھ جلیبی وہ پائے گا




* دیکھو اور سیکھو۔

اَ + و = اَو       سَو       نَو       جَو

* تصویر کی پہلی آواز کے حرف کے گرد ◯ بناؤ۔

 ـ ا آ ر پ

 ـ ب ا ن پ

 ـ د ر و ی

 ـ ٹ و د ل

* ہمزہ لگا کر دوبارہ لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مثال: آی | آئی | پاے | .................... | آو | .................... |
| لای | .................... | آے | .................... | لاو | .................... |
| پای | .................... | جاے | .................... | پاو | .................... |

**ہدایت :**

- یہاں ہمزہ (ء) کا تعارف مقصود ہے۔

# آؤ سیکھیں

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

آپ آج آن آب
پی لی دی جی

دل پل جل نل
دن بن لے دے

پان بان نان جان
پلی جلی نلی ولی

بال جال دال لال
جیب بند یاد لاج

دادا نانا دادی نانی
لائے جائے پائے بوئے

جلدی پانی جالی لالی
بادل بولو آداب والد

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

داداجان آئے۔
نانا نان لاؤ۔
آپا دال لائی۔

دادی پان لاؤ۔
نانی بال بناؤ۔
جلدی پانی لاؤ۔

* نقطے جوڑ کر اپنی پسند کی تصویریں بناؤ۔



**ہدایت :**

- حرفی زمرہ ’آ، پ، د، ل، ن، ء‘ کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

اقتباس :

# گرمی کا موسم



گرمی کا موسم ہے۔ آج دھوپ زیادہ ہے۔ دادا بازار سے ناریل اور آم لائے۔ امّی نے کہا، ''دانیال، داداجان کے لیے پانی لاؤ۔'' یہ سن کر بانو دادا کے لیے لیمو پانی لائی۔ دادا نے پانی پی کر دونوں کو دعائیں دیں۔

* پڑھو۔

آ پ د ل ن ء

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

آج دھوپ داداجان دانیال بازار گرمی پانی لیمو لائے لاؤ دعائیں

## لے لو، لے لو



ڈورے لے لو ، تاگے لے لو
تاش نہ لو تو تاشے لے لو

اپنے ناپ کے موزے لے لو
کالے کالے جوتے لے لو

باجے لے لو ، بالے لے لو
اؤن کے شال دوشالے لے لو

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

ڈورے تاگے تاشے اپنے موزے کالے جوتے باجے بالے

ہدایت :

- یہاں حرفی زمرہ 'آ ، پ ، د ، ل ، ن ، ء' کا تعارف دیا گیا ہے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے۔
- نظم سے ہم قافیہ الفاظ دہرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم بھی کرائے۔

مفت تقسیم کے لیے

# ت ح ر س م ہ

## ت

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



تربوز



تارا



تالا

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



عورت

* ہاتھ پھیرو۔

ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت

## ح

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



حلوہ



حاجی



حوض

* لفظ کا آخری حرف بتاؤ۔



سیاح

* ہاتھ پھیرو۔

ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح

# ر

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ربر



رحل



رومال



ریل

| | |
|---|---|
| ’ر‘ کی جوڑ شکلیں : ر ر | ربر طاہر |

* ہاتھ پھیرو۔

# س

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



سروتا



سورج



سیب

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



انناس

| | |
|---|---|
| ’س‘ کی جوڑ شکلیں : سـ ـسـ ـس ـسـ | سات سورج سیپ کرسی |

* ہاتھ پھیرو۔

# م

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



مسجد



موبائل



میز

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



دم

| | |
|---|---|
| 'م' کی جوڑ شکلیں : مـ ـمـ ـم | مہک محبوب عمل |

* ہاتھ پھیرو۔

م

# ہ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ہار



ہلدی



ہیلی کاپٹر

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



چوزہ

| | |
|---|---|
| 'ہ' کی جوڑ شکلیں : ہ ہ ہ ہ ـہ | ہاں ہرا بہن خالہ |

* ہاتھ پھیرو۔

ہ

ہدایت : • اس بات پر بھی توجہ دلائی جائے کہ 'ہ' سے شروع ہونے والے لفظوں میں ہ حرف کی شکل بدل جاتی ہے۔

# آؤ سیکھیں

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

آم  آس  تم  ہم
وہ  رو  سو  دو

پر  نر  سر  ہر
مہ  نہ  سہ  بہ

درس  رات  بات  سات
درد  سرد  مرد  ولد

دور  اور  دار  وار
دری  راج  ارم  رال

پارا  تارا  تالا  مولا
تولا  گولا  سولہ  بولا

تیرا  میرا  سارا  روزہ
سورج  موسم  سالن  ساحل

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

وہ  تارا  ہے۔
آج  اتوار  ہے۔
یہ  مور  ہے۔

بانو  ہار  لائی۔
آپا  نے  حلوہ  بنایا۔
دس  انار  لاؤ۔

**اقتباس سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

آج اتوار ہے۔ تحریم کو امی نے آم کا رس دیا۔ اب وہ روتی نہیں ہے۔
پیر کے دن وہ جویریہ کے ساتھ اسکول جائے گی۔
آپا نے اسے سیب کی تصویر بنانے کے لیے کہا ہے۔

**ہدایت :**

- حرفی زمرہ 'ت، ح، ر، س، م، ہ' کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائیے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائیے۔

اقتباس :

# سارہ کا روزہ

دوسری اکائی

آج سارہ نے پہلا روزہ رکھا۔ دوپہر تک سب مہمان آگئے۔ دادی نے آم، مٹھائی، تربوز اور تازہ نان منگائے۔ دادی نے امّی سے کہا، حلوہ، بریانی اور آم کا رس بنالو۔ حاجی دادا سارہ کے لیے کپڑے لائے۔ سارہ نے ماریہ اور فَرح کو افطار کی دعوت دی۔ اذان ہوتے ہی سب نے مل کر روزہ کھولا اور نماز پڑھی۔

* پڑھو۔ ت ح ر س م ہ



لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

سارہ ، پہلا ، روزہ ، دوپہر ، مہمان ، تربوز ،
تازہ ، نان ، حلوہ ، رس ، حاجی ، ماریہ ، فرح

* دیکھو اور سیکھو۔

| | | |
|---|---|---|
| ت + ا = تا | ت + و = تو | پ + ا = پا |
| ح + ا = حا | ح + و = حو | ل + ا = لا |
| س + ا = سا | س + و = سو | ن + ا = نا |
| م + ا = ما | م + و = مو | پ + و = پو |
| ہ + ا = ہا | ہ + و = ہو | ل + و = لو |
| | | ن + و = نو |
| ت + ی = تی | ت + ے = تے | پ + ی = پی |
| ح + ی = حی | ح + ے = حے | ل + ی = لی |
| س + ی = سی | س + ے = سے | ن + ی = نی |
| م + ی = می | م + ے = مے | پ + ے = پے |
| ہ + ی = ہی | ہ + ے = ہے | ل + ے = لے |
| | | ن + ے = نے |

ہدایت : • یہاں حرفی زمرہ 'ت، ح، ر، س، م، ہ' کو شامل کیا گیا ہے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ شکل بتائے۔



برائے سماعت

# جوکر







سرکس میں جب آئے جوکر
سب کا جی بہلائے جوکر
لمبا سا اک ٹوپا پہنے
نقلی ناک لگائے جوکر
چہرہ کرکے رنگ برنگا
کیا کیا رُوپ دکھائے جوکر
اُچھلے کُودے ، دوڑ لگائے
تِھرکے ناچے گائے جوکر
بھیس بدل کر طرح طرح کے
سب کو خُوب ہنسائے جوکر




* صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگاؤ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
|  | ڈرنا ☐ | مسکرانا ☐ | رونا ☐ |
|  | ہنسنا ☐ | سوچنا ☐ | غصہ ☐ |
|  | رونا ☐ | غصہ ☐ | مسکرانا ☐ |

**ہدایت :**

- پہلے نظم کو سیدھی سادی لَے میں گائے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنے۔
- نظم سے متعلق بچوں سے بات چیت کرے اور چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے۔ ہم قافیہ الفاظ دہرائے۔

# ٹ خ ز ص ف

## ٹ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ٹماٹر



ٹوپی



ٹوکری

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



ٹاٹ

* ہاتھ پھیرو۔

ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ ٹ

## خ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



خرگوش



خزانہ



خربوزہ

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



شاخ

* ہاتھ پھیرو۔

خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ خ

# ز

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



زبان



زردی



زنجیر



زیور

* ہاتھ پھیرو۔

ز ز ز ز ز ز ز ز ز ز ز ز ز

# ص

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



صندوق




صابن



صراحی

* لفظ کا آخری حرف بتاؤ۔



رقاص

| | |
|---|---|
| 'ص' کی جوڑ شکلیں : صـ ـصـ ـص | صوٗرت غُصّہ ناصر |

* ہاتھ پھیرو۔

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

# ف

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



فٹ بال



فقیر



فوارہ

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



دف

| | |
|---|---|
| 'ف' کی جوڑ شکلیں : فـ ـفـ ـف | فاروق سفر شفقت |

* ہاتھ پھیرو۔

ف ف ف ف ف ف ف ف ف

## سو کا نوٹ

شاہ رُخ، زید اور عارف خاص دوست ہیں۔ وہ روزانہ صاف کپڑوں میں اسکول جاتے ہیں۔ ایک روز اُن کو سو روپے کا نوٹ پڑا ملا۔ زید بولا، ''ہم یہ نوٹ کسی فقیر کو دے دیں گے۔'' شاہ رُخ نے کہا، ''تم ٹھیک کہتے ہو۔'' آگے بڑھے تو اُن کو ایک فقیر دِکھائی دیا۔ عارف نے وہ نوٹ فقیر کو دے دیا۔

* پڑھو۔

ٹ خ ز ص ف



لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

شاہ رخ زید عارف خاص صاف نوٹ روزانہ روز فقیر

**ہدایت :**

- یہاں حرفی زمرہ 'ٹ، خ، ز، ص، ف' کو شامل کیا گیا ہے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم کرے۔
- خیال رہے کہ 'ف' کی اوپری گولائی بھری ہوئی ہوتی ہے۔

# سرگرمی

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ٹماٹر ، ٹوپی ، خرگوش ، خربوزہ ، زینت ، زخم ، صابن ، صراحی ، فجر ، شاہ رُخ

* لفظ کے پہلے حرف کے گرد دائرہ بناؤ۔

| ٹوپی | خط | زراف | فراک |
|---|---|---|---|
| ت ٹ | خ ج | ز ر | پ ف |

* نیچے دی ہوئی تصویروں کا پہلا حرف لکھو۔








.......................... .......................... .......................... .......................... ..........................

* مناسب حرف لکھ کر لفظ مکمل کرو۔

ٹ + ا + ............ = ٹاٹ

س + ر + ............ = سرخ

ت + ے + ............ = تیز

ص + ا + ............ = صاف

............ + ا + ف + ی = ٹافی

............ + ب + ر = خبر

............ + ے + و + ر = زیور

............ + و + ج = فوج

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

صدف روز نہاتی ہے۔

بابو درزی آیا۔

زور سے دف بجاؤ۔

ٹی وی پر خبر آئی۔

**اقتباس سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

صابر بولا خالو اور خالہ آئے۔
صدف باجی آئی۔
خالو میرے لیے سفید ٹوپی لائے۔

# فرق پہچانو

* دیکھو اور فرق بتاؤ۔





ہدایت :

- یہاں طلبہ سے فرق معلوم کرنا مقصود ہے۔

## سرگرمی

* ذائقے کو چیزوں کی تصویروں سے جوڑو۔

| چیزیں | ذائقہ |
|---|---|
|  | میٹھا |
|  | کھٹّا |
|  | کڑوا |
|  | تیکھا |
|  | نمکین |
|  | پھیکا |

* میٹھی چیز کا نام بتاؤ۔
* کھٹّی چیز کا نام بتاؤ۔
* نمکین چیز کا نام بتاؤ۔
* کڑوی چیز کا نام بتاؤ۔
* تیکھی چیز کا نام بتاؤ۔





# ث چ ڈ ط ق

## ث

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


ثمر


ثریا


ثقافت


ثور

* ہاتھ پھیرو۔

ث ث ث ث ث ث ث ث ث ث

## چ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


چابی


چادر


چمچہ

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


مرچ

* ہاتھ پھیرو۔

چ چ چ چ چ چ چ چ چ چ چ چ چ

# ڈ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ڈبا



ڈالی



ڈوری



ڈول

* ہاتھ پھیرو۔

ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ ڈ

# ط

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



طبلہ



طشت



طوطا

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



خطوط

* ہاتھ پھیرو۔

ط ط ط ط ط ط ط ط ط ط ط

# ق

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



قالین



قلفی



قلم

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



طاق

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 'ق' کی جوڑ شکلیں : | قـ | ـقـ | ـقـ | ـق | قاسم | شفقت | عقیل | قوت |

* ہاتھ پھیرو۔

ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق

## آؤ سیکھیں

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ڑ چپ چل بچ سچ ڈول سوچ ڈوب طاق ڈوری چٹنی ترقی چاقو چادر

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ڈرمت۔ سچ بول۔ سوچ لو۔ ڈول میں پانی ہے۔ چادر صاف ہے۔

**اقتباس سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

چاچا آئے۔ بازار سے چاول لائے۔ چاچی نے چٹنی بنائی۔

چاچی صدف سے بولی چادر لاؤ۔ طاق میں رکھی دوا دو۔

**ہدایت :**

- خیال رہے کہ 'ق' کی اوپری گولائی بھری ہوئی ہوتی ہے۔
- 'ق' کی گولائی جڑی ہوئی حالت میں ابتدا اور آخر میں آنے پر بھری ہوئی ہوتی ہے جبکہ درمیان میں آنے پر خالی ہوتی ہے۔
- حرفی زمرہ 'ث، چ، ڈ، ط، ق' کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ ان لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

اقتباس :

# طوطا



وہ دیکھو ! وہاں ڈالی پر ایک طوطا بیٹھا ہے جسے پیار سے مِٹّھو بھی کہتے ہیں۔طوطا ٹیں ٹیں کرتا ہے۔اُس کے پر ہرے ہیں اور چونچ لال ہوتی ہے۔طوطا طرح طرح سے بولتا ہے۔اُسے مرچ اور امرُود بہت پسند ہے۔طاہرہ، حارث، نشاط اور طارق ! تم سب باری باری طوطے کے لیے دانہ پانی رکھ دیا کرو۔

* پڑھو۔ ث چ ڈ ط ق

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

ڈالی ، طوطا ، چونچ ، طرح ، مرچ ، طاہرہ ، حارث ، نشاط ، طارق

## سرگرمی

* دیکھو اور سیکھو۔

| | | |
|---|---|---|
| ث + ا = ثا | ث + و = ثو | ث + ی = ثی |
| چ + ا = چا | چ + و = چو | چ + ی = چی |
| ڈ + ا = ڈا | ڈ + و = ڈو | ڈ + ی = ڈی |
| ط + ا = طا | ط + و = طو | ط + ی = طی |
| ق + ا = قا | ق + و = قو | ق + ی = قی |
| ث + ے = ثے | ڈ + ے = ڈے | ق + ے = قے |
| چ + ے = چے | ط + ے = طے | |

ہدایت :

- یہاں حرفی زمرہ 'ث ، چ ، ڈ ، ط ، ق' کو شامل کیا گیا ہے۔ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم کرے۔

# چار دوست



* سنو اور مزہ لو۔

چار دوست تھے۔ اُنھیں کہیں سے انڈے ملے۔ انھوں نے سوچا آپس میں ایک ایک انڈا بانٹ لیں گے۔ چ نے کہا، ”ایک انڈے سے میرا پیٹ نہیں بھرے گا۔ مجھے تین انڈے چاہیے۔“

ح نے کہا، ”کوئی بات نہیں، چ کو تین انڈے دے دیتے ہیں۔“

اس طرح ج نے ایک انڈا کھایا اور چ نے تین انڈے کھا لیے۔

خ نے اپنا انڈا اُٹھا کر سر پر رکھ لیا اور ح خالی پیٹ رہ گیا۔

# نانا آئے





باجی ! حاجی نانا آئے — زم زم کی اک بوتل لائے
آئے دہلی والے خالو — لائے چابی والا بھالو
ڈَم ڈَم ڈَم ڈَم باجے باجا — سُن کر خوش ہے مُنّا راجا
پُونے سے آپا ہے آئی — چلنے والی گُڑیا لائی
خالہ بی نے مانگا پانی — لانے دَوڑی گُڑیا رانی





**ہدایت :**

- سبق 'چار دوست' کا مقصد لطف اندوزی ہے۔
- یائے معروف اور یائے مجہول کا استعمال بتائے اور پڑھے ہوئے حرفوں کو استعمال کرکے مختلف نئے الفاظ بتائے۔ ہم قافیہ الفاظ دہرا کر تعارف کرائے۔

# ژ ش ظ ع گ

## ژ



ژالہ باری

## ش

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



شلجم



شہد



شیر

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



بارش

* ہاتھ پھیرو۔

ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش

## ظ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام/ لفظ کی پہلی آواز بتاؤ۔



ظروف

ظاہر ظفر

* لفظ کا آخری حرف بتاؤ۔

الفاظ

* ہاتھ پھیرو۔

ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ ظ

**ہدایت :**

- حرف 'ژ' سے بننے والے بیشتر الفاظ پہلی جماعت کے بچوں کی فہم سے بالاتر ہوتے ہیں اس لیے صرف ژالہ باری کی تفہیم کر دی جائے۔

# ع

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


عطر


عمارت


عینک

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


رکوع

| | |
|---|---|
| ’ع‘ کی جوڑ شکلیں : عـ ـعـ ـع ء ع | عارف عزت جمعہ عورت جمع |

* ہاتھ پھیرو۔



# گ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


گملا


گاجر


گلاب

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔


آگ

* ہاتھ پھیرو۔



اقتباس :

# عید



آج عید ہے۔ سب لوگ عید کی تیاری میں لگ گئے۔ نوازش اپنے دوست کاشف اور عامر کے ساتھ عیدگاہ گیا۔ نماز کے بعد تینوں دوست کھلونوں کی دُکان پر گئے۔ عامر نے عینک خریدی۔ نوازش نے اپنی بہن مِژگاں کے لیے کِھلونا موبائل خریدا۔ کاشف نے غُبّارے خریدے۔ گھر پہنچتے ہی مہمان آنا شروع ہوگئے۔ ظفر ماموں عالیہ مُمانی کے ساتھ اپنی بیٹی کو لے کر عید ملنے کے لیے آئے۔ ماموں نے سب کو عیدی دی۔ ماں نے دُعائیں دیں۔



* پڑھو۔ ژ ش ظ ع گ

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

عیدگاہ لوگ عینک موبائل عیدی دعا نوازش کاشف عامر مژگاں ظفر عالیہ

* تصویر کی پہلی آواز کو حرف سے جوڑو۔






م ک پ ل

ہدایت :

- یہاں حرفی زمرہ 'ژ، ش، ظ، ع، گ' کو شامل کیا گیا ہے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم کرے۔
- حرف 'ژ' کی شناخت کے لیے 'مژگاں' نام شامل کیا گیا ہے۔

مفت تقسیم کے لیے

# ذ ڑ ض غ ک

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام/ لفظ کی پہلی آواز بتاؤ۔

ذ



ذخیرہ

ذات ذاکر ذہین

* ہاتھ پھیرو۔

ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی آخری/ درمیانی آواز بتاؤ۔

ڑ



پہاڑ



تاڑ



سڑک



لڑکا

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام/ لفظ کی پہلی آواز بتاؤ۔

ض



ضعیف

ضد ضلع

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



بیاض

* ہاتھ پھیرو۔

ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض ض

ہدایت : • حرف 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔

# غ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



غار



غبارہ



غلک

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



باغ

* ہاتھ پھیرو۔

غ

# ک

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



کاجو



کبوتر



کمپیوٹر

* تصویر کے نام کا آخری حرف بتاؤ۔



ناک

| | |
|---|---|
| 'ک' کی جوڑ شکلیں : کہ کر | کام کوٹ |

* ہاتھ پھیرو۔

ک

# آؤ سیکھیں

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ذرا    پڑا    حوض    غور    کون    کان    ناک    کام

گڑیا    ضعیف    پہاڑ    چوڑا    چوڑی    غائب    کالا    کتا

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ناک صاف کرو۔
باغ میں کاشف آیا ہے۔
غزالہ کے پاس گڑیا ہے۔
دادا ضعیف ہو گئے ہیں۔
پہاڑ پر کالا کتا ہے۔
گڑیا نے چوڑی پہنی ہے۔

* خاص حرف پڑھو اور سمجھو۔

ا    و    ی

یہ خاص حرف ہیں۔ یہ لفظ بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

* دی ہوئی تصویر کے لفظ میں خاص حرف پر ◯ بناؤ۔


دانت


ڈمرو


ککڑی

* خالی جگہ میں خاص حرف لکھ کر لفظ پورا کرو۔

( ا و ی )

| | |
|---|---|
| سرد ☐ | سبز ☐ |
| اندھیر ☐ | گھوڑ ☐ |
| جھاڑ ☐ | باز ☐ |




**ہدایت:**

• یہاں حرفی زمرہ 'ذ، ڑ، ض، غ، ک' کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائیے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائیے۔

اقتباس :

# باغ کی سَیر



رِیاض، ناصر، ذاکر، غزالہ اور ضمیر باغ کی سَیر کو جانے کے لیے صُبح جلدی جاگے۔ سب تیار ہوکر امّی ابّا کے ساتھ سیر کو نکل گئے۔ سڑک کے کِنارے اُنھیں پہاڑ اور درخت نظر آئے۔ دوپہر سے پہلے وہ باغ میں پہنچ گئے۔ وہاں رنگین پھُول اور خوب صوُرت تتلیاں بھی تھیں۔ ذاکر اِنھیں پکڑنے کے لیے دوڑا۔ تبھی امّی نے کھانا کھانے کے لیے آواز دی۔ سب لوگ حَوض کے قریب بیٹھے۔ مِل جُل کر کھانا کھایا اور پھر کھیل کوُد کر شام کو سب ہنستے گاتے گھر لوٹ آئے۔

* پڑھو۔

ذ    ڑ    ض    غ    ک

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

ریاض ، ذاکر ، غزالہ ، ضمیر ، باغ ،
سڑک ، پہاڑ ، رنگین ، حوض ، گاتے

* **جواب لکھو۔**

۱) بچّے باغ میں کب پہنچے؟

۲) سب لوگ گھر کب لوٹے؟

**ہدایت :**

- یہاں حرفی زمرہ 'ذ ، ڑ ، ض ، غ ، ک' کو شامل کیا گیا ہے۔ ان حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم کرے۔

# آؤ، پڑھیں ہم

آؤ پڑھیں ہم رے ڑے زے ژے — دیکھنے میں چاروں ایک جیسے
رے سے رحمت ، رے سے رُستم — رے سے رونق ، رے سے ریشم
پیڑوں اور جوڑوں میں ڑے ہے — دوڑ رہے گھوڑوں میں ڑے ہے
زے سے زاہد ، زے سے زویا — زے سے زیور ، زے سے زیبا
ژے سے ژالہ گرتا کیسا — سخت سفید اور ٹھنڈا ٹھنڈا

## سرگرمی

* تصویر دیکھ کر تصویر کے نام کی پہلی آواز کا حرف لکھو۔








* لفظ میں آئے ہوئے 'ر ، ڑ ، ز' کے گرد دائرہ بناؤ۔

| ر | ڑ | ز |
|---|---|---|
| رومال | پہاڑ | زبان |
| رات | جھاڑ | زنجیر |
| رحل | دراڑ | زیور |

# زبان دانی کا کھیل

## کھیل کے لیے ہدایات :

استاد طلبہ کو ایک دائرے میں بٹھائے۔ جہاں جگہ کی کمی ہو وہاں اپنی جگہ پر بیٹھے بیٹھے بھی طلبہ یہ کھیل کھیل سکتے ہیں۔

استاد ایک پرندے کا نام لے اور طلبہ سے کہے کہ وہ سنتے ہی اپنے دونوں ہاتھ اوپر اُٹھا کر اُڑنے کا اشارہ کر کے کہیں ''اُڑی'' یا ''اُڑا۔'' مثلاً :



استاد : چڑیا

سب طلبہ کے ساتھ : اُڑی

استاد : کوّا

طلبہ : اُڑا

اب استاد جلدی جلدی کچھ مادہ پرندوں کے نام لے جیسے مینا، کوئل، چیل۔ ہر نام پر طلبہ ہاتھ اُٹھا کر ''اُڑی'' کہیں گے۔ اب استاد کہے، ''طوطا۔'' عموماً طلبہ ''اُڑی'' ہی کہیں گے۔ کچھ طلبہ ''اُڑا'' بھی کہہ دیں گے۔

اب استاد طلبہ کو بتائے کہ جنھوں نے ''طوطا اُڑی'' کہا، وہ دائرے سے باہر ہو جائیں۔ جو طلبہ کچھ نہ کہیں گے اور ہاتھ نیچے رکھیں گے، وہ کھیل میں شامل رہیں گے۔ آخر میں جو دو یا چار طلبہ بچ جائیں، انھیں 'جیتنے والے' یا 'آج کے سلطان' کا لقب دیا جائے۔

'اُڑا' کی بجائے اور مختلف افعال بھی لیے جا سکتے ہیں۔ مثلاً :

'پیا / پی' – پانی، شربت، دودھ، رس، چھاچھ، لسّی، چائے، کافی۔

'کھایا / کھائی' – سیب، کیلا، امرود، کھیر، دال، روٹی۔

'کھولا / کھولی' – دروازہ، کھڑکی، تالا، بستہ، ڈبّا، پیٹی، کتاب، الماری۔

طلبہ کی حاضر دماغی کے لیے دو تین لفظوں کے بعد ایک لفظ ایسا ضرور لائیں جو اس فعل سے میل نہ کھاتا ہو۔

* لفظ بولو۔

 نکلا۔  بولا۔  گھر سے نکلا۔

 بجی  کھلا۔  کے تین 

 کی  حج کرنے والا  سپیرے کی 

* دیکھو اور بولو۔

یہ  ہے۔ یہ  ہے۔ یہ  ہے۔



## مچھلی

* سنو اور دہراؤ۔

مچھلی جَل کی رانی ہے
جیوَن اُس کا پانی ہے
ہاتھ لگاؤ ڈر جاتی ہے
باہر نکالو مر جاتی ہے

# سرگرمی

* حرفوں کو ترتیب سے جوڑ کر شکل مکمل کرو اور رنگ بھرو۔



# بچّو ! میری بات سنو





بچّو ! میری بات سنو — جو کہتا ہوں یاد رکھو
جب بھی اپنے لَب کھولو — پیارے بچّو ، سچ بولو
کھاؤ پیو دل شاد کرو — اپنے رب کو یاد کرو
کھیلو کُودو موج کرو — لِکھنا پڑھنا بھی سیکھو
جب سوچو اچھّا سوچو — کام کرو جو ، اچھّا ہو

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

سنو رکھو کھولو بولو کرو سوچو

# خالوٗ آئے



لاتوٗر سے خالوٗ آئے۔

چیکوٗ، تربوٗز، امروٗد لائے۔

جوٗتے، موزے، روٗمال لائے۔

سونوٗ، مونوٗ جلدی آؤ۔

روٗبی، تم یہ لال روٗمال لے لو۔

روٗحی تُم جوٗتے، موزے لے لو۔

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

لاتوٗر ، خالوٗ ، چیکوٗ ، تربوٗز ، امروٗد ، جوٗتے ، روٗمال ، سونوٗ ، مونوٗ ، روٗبی ، روٗحی

**ہدایت :**

- یہاں 'وٗ' کی معروف و مجہول آوازیں بتانا مقصود ہے۔ وٗ معروف پر اُلٹا پیش لگایا جاتا ہے۔
- یہاں املا لکھانا بھی مقصود ہے۔

برائے سماعت

# چڑیا نہا رہی ہے

پانی کے اک گڑھے میں
چڑیا نہا رہی ہے
پَر پھڑ پھڑا رہی ہے
چڑیا نہا رہی ہے

کیسے پُھدک پُھدک کر
چھینٹے اُڑا رہی ہے
موتی لُٹا رہی ہے
چڑیا نہا رہی ہے

چوں چوں کے پیارے نغمے
خوش ہو کے گا رہی ہے
سب کو سُنا رہی ہے
چڑیا نہا رہی ہے



**ہدایت :**

- پہلے نظم کو سیدھی سادی لے میں گائے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنے۔

مفت تقسیم کے لیے

برائے سماعت

# شیر اور چوٗہا



سردی کا موسم تھا۔ ایک صبح شیر آرام سے دھوٗپ میں سو رہا تھا۔ ایک چوٗہا اُدھر آ نکلا۔ وہ شیر کی صوٗرت دیکھ کر ڈر گیا مگر اُس نے دیکھا کہ شیر سو رہا ہے۔

چوٗہا ہمّت کر کے پہلے شیر کی دُم پر چڑھا۔ پھر وہ شیر کی پیٹھ پر آ گیا۔ اس کے بعد شیر کی گردن پر جا پہنچا۔ چوٗہے کو گردن کے بال بہت اچھّے لگے۔ وہ بالوں میں گھُس گیا اور خوٗب اُچھلا کوٗدا۔ اس کی اُچھل کوٗد سے شیر کی آنکھ کھُل گئی۔ اُس نے چوٗہے کو پکڑ لیا۔



چوٗہا بہت گھبرایا۔ اُس نے شیر سے کہا، ”جنگل کے بادشاہ! مجھے معاف کر دو۔“ شیر نے چوٗہے کو چھوڑ دیا۔

چوٗہا خوش ہو کر بولا، ”جنگل کے بادشاہ! میں کسی دن اِس احسان کا بدلہ ضروٗر چکاؤں گا۔“ شیر ہنس دیا۔



کچھ دن بعد ایک شکاری جنگل میں آیا۔ اُس نے جال لگایا۔ شیر شکاری کے جال میں پھنس گیا۔ اُس دن اتّفاق سے چوٗہا اپنے ساتھیوں کے ساتھ اُدھر آ نکلا۔ اُس نے دیکھا شیر جال میں پھنسا ہوا ہے۔ وہ آگے بڑھے اور اپنے تیز دانتوں سے جال کاٹنے لگے۔ تھوڑی دیر میں جال کٹ گیا۔ شیر جال سے باہر نکل آیا۔ اُس نے چوٗہے سے کہا، ”تم نے مجھ پر بڑا احسان کیا۔“



چوٗہا بولا، ”جنگل کے بادشاہ! میں نے تو اپنا فرض ادا کیا ہے۔“ دونوں اپنے اپنے راستے ہو لیے۔

**ہدایت:**

- کہانی سناتے وقت آواز کے مناسب اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور حرکات و سکنات کا خیال رکھے۔
- کہانی کے بارے میں بات چیت کرے اور چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھنے کی ترغیب دے۔
- تصویری کہانیوں کی نئی نئی کتابیں پڑھنے کی طرف راغب کرے اور ان کی پسند بھی معلوم کرے۔
- تصویروں کو بے ترتیب کر کے ترتیب لگوائے اور چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے کہانی مکمل کرنے کو کہے۔

# بھ پھ تھ ٹھ جھ

## بھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


بھینس


بھالا


بھالو


بھنڈی

* ہاتھ پھیرو۔

بھ

## پھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


پھاٹک


پھِٹکری


پھل


پھول

* ہاتھ پھیرو۔

پھ

# تھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



تھالا



تھالی



تھرماس



تھیلی

* ہاتھ پھیرو۔

تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ تھ

# ٹھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



ٹھینگا



ٹھوڑی



ٹھنڈا



ٹھیلا

* ہاتھ پھیرو۔

ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ ٹھ

# جھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔


جھاڑو


جھرنا


جھُولا


جھُومر

* ہاتھ پھیرو۔

جھ

## آؤ سیکھیں

لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

بھیڑ پھلواری تھالی ٹھیلا جھومر

جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

بھارت ہمارا دیش ہے۔

کوڑا کرکٹ مت پھیلاؤ۔

تھوڑی دیر بیٹھو۔

آج موسم ٹھنڈا ہے۔

جھاڑی میں بھالو ہے۔

چڑیا پھدک رہی ہے۔

**ہدایت :**

- حرفی زمرہ 'بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ' کی مدد سے دوحرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

# چھ دھ ڈھ رھ ڑھ

## چھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



چھت



چھتری



چھڑی




چھے

* ہاتھ پھیرو۔

چھ

## دھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



دھاگا



دھنک



دھنیا



دھوبی

* ہاتھ پھیرو۔

دھ

# ڈھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔

   

ڈھال ڈھکن ڈھلان ڈھول

* ہاتھ پھیرو۔

ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ ڈھ

# رھ

* تصویر دیکھو۔



بارھواں کھلاڑی

* لفظ سنو اور درمیانی آواز بتاؤ۔

تیرھواں پندرھواں سترھواں

* ہاتھ پھیرو۔

رھ رھ رھ رھ رھ رھ رھ رھ رھ رھ رھ

# ڑھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کی درمیانی آواز بتاؤ۔



بوڑھی



داڑھی



سیڑھی



گڑھا

* ہاتھ پھیرو۔

ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ ڑھ

## آؤ سیکھیں

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

دھوبی چھال ڈھول ڈھال گیارھواں گڑھا سیدھا ٹیڑھا

دھوپ چھاؤں مچھلی دھاگا دودھ بڑھئی سیڑھی تیرھواں

**جملے سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

گدھا پالتو جانور ہے۔ چھٹی کے دن گھر کام پورا کرو۔ تھیلی میں ڈھائی کلو آم ہے۔

وہ بارھواں کھلاڑی تھا۔ بوڑھا آدمی تھک گیا تھا۔ ریچھ درخت کے پیچھے تھا۔

**ہدایت :**

- حرفی زمرہ 'چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ' کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

# کھ گھ لھ مھ نھ

## کھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



کھاٹ



کھڑکی



کھمبا



کھیل

* ہاتھ پھیرو۔

کھ

## گھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کا نام بتاؤ۔ تصویر کے نام کی پہلی آواز بتاؤ۔



گھاس



گھر



گھنٹی



گھوڑا

* ہاتھ پھیرو۔

گھ

# لھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کے نام کی درمیانی آواز بتاؤ۔



چولھا



کُلّھڑ



کولھو

* ہاتھ پھیرو۔

لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ لھ

# مھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کے نام کی درمیانی آواز بتاؤ۔



کمھار

تمھارا تمھاری تمھارے تمھیں

* ہاتھ پھیرو۔

مھ مھ مھ مھ مھ مھ مھ مھ مھ مھ مھ

# نھ

* تصویر دیکھو۔ تصویر کے نام کی درمیانی آواز بتاؤ۔



ننّھا

* لفظ سنو اور لفظ کی درمیانی آواز بتاؤ۔

اِنھیں اُنھوں جنھوں جنھیں

* ہاتھ پھیرو۔

نھ نھ نھ نھ نھ نھ نھ نھ نھ نھ نھ

## آؤ سیکھیں

* پڑھو اور لکھو۔

بھا پھا تھا ٹھا جھا چھا دھا ڈھا کھا گھا لھا

بھو پھو تھو ٹھو جھو چھو دھو ڈھو کھو گھو

بھی پھی تھی ٹھی جھی چھی دھی ڈھی کھی گھی لھی مھی نھی

بھے تھے ٹھے جھے چھے ڈھے کھے گھے



لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔

آنکھیں بھیگ چھاتا گھڑی گھوڑا چولھا ننھیال دودھ

ہدایت :

• حرفی زمرہ 'کھ، گھ، لھ، مھ، نھ' کی مدد سے دو حرفی، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ بنوائے۔ اِن لفظوں کی مدد سے جملے اور پھر اقتباس تیار کرائے۔

اقتباس :

# بھولا

سال کا گیارھواں مہینہ جاری تھا۔ بھولا گھر کے آنگن کی دھوپ میں بیٹھا پڑھائی کر رہا تھا۔ پاس ہی ننھّی بہن بیٹھی کھیل رہی تھی۔ بھولا کو بھوک لگی، اس نے ماں سے کہا، ”مجھے پھل کھانا ہے۔“ ماں نے کہا، ”بیٹا! تھوڑی دیر ٹھہر جاؤ۔ ابھی چوٗلھے پر دودھ اُبل رہا ہے۔“ بھولا روٗٹھ کر اپنے باغ کے باہر ڈھلان کی



طرف بھاگا۔ اسے درخت پر پھل لگے نظر آئے۔ وہ انھیں دیکھ کر خوش ہوگیا۔ وہ پھل توڑنے کے لیے اُچھلا اور دھپ سے گر پڑا۔ تھوڑی سی کوشش کے بعد اس نے پھل توڑ ہی لیا۔ پھل توڑنے کے بعد جھٹ سے گھر کی طرف دوڑا اور ماں کو بتایا۔ ماں نے کہا، ”اس طرح اُچھلنے سے تمھیں چوٹ بھی لگ سکتی تھی۔ آئندہ دھیان رکھنا۔“

* پڑھو اور لکھو۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گیارھواں | بھولا | گھر | دھوٗپ | بیٹھا | پڑھائی | ننھّی |
| کھیل | پھل | تھوڑی | چوٗلھے | ڈھلان | اُچھلا | جھٹ | تمھیں |




* تصویر دیکھو اور پہلا حرف لکھو۔









...................... ...................... ...................... ......................

**ہدایت :**

- اس سبق کے ذریعے تمام ہکاری آوازیں سکھانا مقصود ہے۔ سبق کو بلند آواز سے پڑھ کر ہکاری آوازوں کو صحیح طور پر ادا کرے۔
- اُردو میں کچھ آوازیں ہیں جو تحریری صورت میں دوچشمی ھ سے مل کر لکھی جاتی ہیں۔ جیسے بھ، پھ، تھ وغیرہ۔ ان آوازوں میں رھ، ڑھ، لھ، مھ، نھ کی آواز سے کوئی لفظ نہیں بنتا۔ البتہ یہ آوازیں لفظ کے درمیان یا آخر میں آسکتی ہیں جیسے بوڑھا، چولھا، ننھا وغیرہ۔
- ہکاری آوازوں والے الفاظ سے 'ا، و، ی، ے' جوڑ والے حروف کو مختلف الفاظ میں شناخت کرائے اور جوڑ حروف کی تفہیم کرے۔

# بندر




ناچے دھوم مچائے بندر
سب کے من کو بھائے بندر



اُس کے ہاتھ میں ایک چھڑی ہے
چَم چَم کرتی ایک گھڑی ہے



دیکھو اِس کا حال تو دیکھو
ٹھاٹ تو دیکھو ، چال تو دیکھو



ٹیڑھی ٹوپی ٹیڑھی گردن
پایل باجے چھُن چھُن چھُن چھُن



جھوم کے ڈھول بجائے بندر
کیا کیا دھوم مچائے بندر

* پڑھو اور لکھو۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دھوم | بھائے | چھڑی | گھڑی | ٹھاٹ | ٹیڑھی | چھن | جھوم | ڈھول |

* ایک جیسی آواز والے لفظوں کو جوڑو۔

| الف | ب |
|---|---|
| مچائے | چال |
| چھڑی | بھائے |
| حال | گھڑی |

**بوجھو تو جانیں**



اس کا بھائی گم گیا ہے۔
وہ کس صفحے پر ہے؟

بھائی، بھائی...
میاؤں میاؤں

**ہدایت :**
- نظم کو ترنم اور حرکات وسکنات کے ساتھ پڑھائے۔نظم زبانی یاد کرائے۔
- ہم قافیہ الفاظ کی نشان دہی کے لیے ان پر زور دے کر ادا کرے۔

# ہماری سواریاں

* دیکھو، سواریوں کے نام بتاؤ اور بات چیت کرو۔



ہدایت : • اس طرح کی تصویروں کے ذریعے بچوں کو بولنے کے مواقع فراہم کرے۔

# حروفِ تہجی

* دیکھو، پڑھو اور لکھو۔




ا




ب پ ت ٹ ث



ج چ ح خ





د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ






س ش

ص ض

ط ظ









ع غ




ف ق






ک گ

ل م ن و ہ ء ی ے






بھ پھ تھ ٹھ






جھ چھ دھ ڈھ رھ ڑھ

کھ گھ لھ مھ نھ






# اَدَب کر



اَسلَم اَدَب کر۔ سَب کا اَدَب کر۔

اَکبَر سَبَق پڑھ۔

فَرحَت سَبَق مَت رَٹ۔

کَوثَر لَڑ مَت۔

اَب بَس کر۔



# پانی بَرسے

میںڈک بولے — ٹَر ٹَر ٹَر ٹَر

پانی بَرسے — چَھم چَھم چَھم چَھم

بچّے دَوڑے — دَھم دَھم دَھم دَھم

پتّے ہِلتے — سَر سَر سَر سَر

بجلی کَڑکے — کَڑ کَڑ کَڑ کَڑ

بادل گَرجے — گَڑ گَڑ گَڑ گَڑ



**ہدایت :**

- یہاں زبر کی آواز اور نشان کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ ٹَرٹَر – ٹَرٹَر جیسی آوازوں میں زبر پر توجہ دے۔ اسے زیادہ لمبی آواز میں ادا نہ کرے۔ یہاں ہر لفظ کے شروع میں 'اَ' کی آواز آرہی ہے۔ ایسی آواز کو زبر کہتے ہیں اور اسے (ـَـ) نشان سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

# دِن نِکلا



دِن نِکلا۔ اِقرا جاگی۔ کھِڑکی سے دیکھا۔

چِڑیا چہک رہی تھی۔

امّی اِڈلی بنا رہی تھیں۔

عِمران اور اِقرا نے مِل کر ناشتہ کیا۔

اِقرا اپنی سہیلی حِنا کے ساتھ اسکوٗل چلی گئی۔

# رِم جِھم





مٹکی باجے ٹِم ٹِم ٹِم ٹِم

تارا چمکے جِھل مِل جِھل مِل

بارِش برسے رِم جِھم رِم جِھم

جھرنا بولے کِل کِل کِل کِل





* پڑھو اور لکھو۔

رِم جِھم ٹِم ٹِم کِل کِل جِھل مِل

رِم جِھم ٹِم کِل جِھل مِل

**ہدایت :**

- یہاں زیر کی آواز اور نشان کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ رِم جِھم۔ ٹِم ٹِم جیسی آوازوں میں پہلی آواز پر توجہ دے۔ یہاں پہلے حرف کے نیچے لگے نشان کو زیر (ـِـ) کہتے ہیں۔ اسے زیادہ لمبی آواز میں ادا نہ کرے۔

# سویرا ہُوا



اُجالا ہُوا۔ امّی نے فُرقان اور نُصرت کو جگایا۔ وہ اُٹھ گئے۔

امّی نے فُرقان کو دُکان سے دُودھ لانے کو کہا۔

نُصرت باہر نکلی۔ اُس نے مُرغی کو دانہ دیا۔

مُرغی کُٹ کُٹ کرتی دانہ چُگنے لگی۔ نُصرت نے دیکھا دیوار پر

بُلبُل بیٹھا دُم ہِلا رہا ہے۔ وہ اُسے پکڑنے لگی۔ بُلبُل پُھر سے اُڑ گیا۔

# ریل چلی ہے



ریل چلی ہے — چُھک چُھک چُھک
اسٹیشن آیا — رُک رُک رُک
اِکتارا بولے — تُن تُن تُن
کیا کہتا ہے یہ — سُن سُن سُن
بَندر بولا — خُر خُر خُر
اُڑ گئی چِڑیا — پُھر پُھر پُھر
مُرغی بولی — کُٹ کُٹ کُٹ
ہُوا سَویرا — اُٹھ اُٹھ اُٹھ









**ہدایت:**

- یہاں پیش کی آواز اور نشان کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ اُجالا/ ہُوا / فُرقان کے پہلے حرف پر جو نشان لگا ہے اسے پیش (ـُـ) کہتے ہیں۔ اسے زیادہ لمبی آواز میں ادا نہ کرے۔

# اچھّا بچّہ



مُنّا اچھّا بچّہ ہے۔ وہ اپنی دُھن کا پکّا ہے۔

مُنّا اپنی اَمّی اور ابّو کا دُلارا ہے۔ وہ سارے محلّے کا بھی پیارا ہے۔

شَنّو اس کی بہن ہے۔ شنّو کے پاس گُڑیا اور گُڈّا ہے۔

گُڑیا کے بال کا گُچھّا ریشم کے لچھّے جیسا ہے۔

* پڑھو اور لکھو۔

مُنّا　اچھّا　بچّہ　پکّا　شنّو　گُچھّا　لچھّے

# اَمّی اَمّی ، اَبّا آئے













اَمّی اَمّی ، اَبّا آئے　　ننھّی مُنّی گُڑیا لائے
پیڑے لائے ، لڈّو لائے　　موٹر لائے ، لٹّو لائے
مُنّو چُنّو اندر آؤ　　شَنّو آؤ ، شبّر آؤ
مُنّو تم یہ لٹّو لے لو　　چاہو تو یہ ٹٹّو لے لو
اپنی اپنی چیزیں لے لیں　　آؤ باہر چل کر کھیلیں

## سرگرمی

* صحیح حرف پر تشدید کا نشان لگاؤ اور لفظ پڑھو۔

منو ، شنو ، ابا ، چنو ، منی ، لٹو ، ٹٹو ، شبر

**ہدایت :**

- یہاں تشدید کی آواز اور نشان کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ حرف کی آواز کی دو مرتبہ ادائیگی کو تشدید کہتے ہیں اور اسے (ـّـ) نشان سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

# سرگرمی

٭ تشدید لگا کر لفظ لکھو۔

مثال :  ب + ل + ل + ی = بلّی

 چ + ک + ک + ی = ..........................

 ل + ٹ + ٹ + و = ..........................

 گ + ن + ن + ا = ..........................

 ر + س + س + ی = ..........................

٭ تشدید والے لفظ کے حرفوں کو الگ الگ کر کے لکھو۔

مثال :  ڈبّا = ڈ + ب + ب + ا

 کوّا = ............ + ............ + ............ + ............

 کدّو = ............ + ............ + ............ + ............

 اُلّو = ............ + ............ + ............ + ............

مفت تقسیم کے لیے

# اَمُجد بیمار ہے



صُبح کا وقت ہے۔ سَرد ہوا چل رہی ہے۔ اَمجد بیمار ہے۔ وہ گرم شال اوڑھے ہوئے ہے۔ اس کا جِسم بُخار سے تپ رہا ہے۔ اس کے پوُرے جُسم میں درُد ہے۔ وہ درُد سے بے چین ہے۔

اَمجد کی آپا اُسے چمچے سے دوا پلاتی ہے۔ اَمجد کہتا ہے، ”آپا، آج اسکوُل بھی تو جانا ہے۔“

آپا اَمجد کو سمجھاتی ہے، ”ابھی اسکوُل کی فِکر مت کرو۔ جَلُد ٹھیک ہوجاؤ۔ ٹھیک ہوتے ہی اسکوُل جانا شروُع کردینا۔“

**لفظ سنو، دہراؤ، دیکھو اور پڑھو۔**

صُبح   وقُت   سَرُد   درُد   گرُم   جِسُم   فِکُر   جَلُد

*** جلدی جلدی بولو۔**

درُد   زَرُد   سَرُد

سَخُت   تَخُت   مَسُت

نرُم   گرُم   شرُم

ذِکُر   فِکُر   عِطُر

سُسُت   چُسُت   مُفُت

**ہدایت :**

- یہاں جزم کے نشان کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ جس حرف پر جزم آئے اسے ’ساکن‘ بھی کہتے ہیں۔
- استاد طلبہ کو بتائے کہ جس حرف پر جزم (ـُـ) کا نشان ہوتا ہے وہ حرف اپنے سے پہلے والے حرف سے مل کر آواز دیتا ہے۔

# نانی کا گاؤں



افشاں اپنی ماں کے ساتھ نانی کے گاؤں گئی۔ نانی کے گھر کے سامنے ایک بڑا آنگن ہے۔ آنگن میں چاروں طرف گملے ہیں۔ گملوں میں پھولوں کے پودے ہیں۔ آنگن کے بیچوں بیچ ایک کنؤاں ہے۔ کنؤیں میں مچھلیاں اور مینڈک ہیں۔ ایک طرف اِملی کا پیڑ ہے۔ اس کی گھنی چھاؤں میں بچے کھیلتے ہیں۔ پیڑ پر پرندوں کے گھونسلے ہیں۔ قریب کے تالاب میں بطخیں بھی تیرتی ہیں۔

افشاں کے ماموں کے پاس بہت سی مُرغیاں ہیں اور ایک مُرغا بھی ہے۔ مُرغے کی بانگ سن کر سب جاگ اُٹھتے ہیں اور اپنے کاموں میں لگ جاتے ہیں۔

## سرگرمی



*** جواب لکھو۔**

۱۔ دو پرندوں کے نام لکھو۔

۲۔ پانی میں رہنے والے دو جانوروں کے نام لکھو۔

۳۔ پرندوں کے رہنے کی جگہ کو کیا کہتے ہیں؟

**ہدایت :**

- یہاں نون غنہ کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ ناک سے نکلنے والی وہ آواز جو پوری طرح 'ن' نہیں ہوتی اسے 'ں' سے لکھا جاتا ہے۔ یہ آواز لفظ کے شروع میں کبھی نہیں آتی۔

# میری پتنگ



دیکھو میری پتنگ کیسا ہے اس کا رنگ
دیکھ اُڑنے کا ڈھنگ لوگ سارے ہیں دنگ
جی میں ہے یہ اُمنگ میں اُڑوں اس کے سنگ



* پڑھو اور لکھو۔

پتنگ رنگ ڈھنگ دنگ اُمنگ سنگ

* تصویر کا نام لکھ کر جملہ پورا کرو۔



میاؤں میاؤں کرتی ہے۔

.................................................



چوں چوں کرتی ہے۔

.................................................



کائیں کائیں کرتا ہے۔

.................................................



ٹیں ٹیں کرتا ہے۔

.................................................



میں میں کرتی ہے۔

.................................................



ککڑوں کوں کرتا ہے۔

.................................................



* پڑھو اور لکھو۔

یہاں وہاں مکاں جواں دھواں کہاں گلیاں
کلیاں خوشیاں اونٹ دانت آنکھ سانپ کانچ

ہدایت :

- یہاں بھی نون غنہ کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ اگر 'ن' کی آواز ناک سے نکل رہی ہے تو ایسی آواز غُنّہ کہلاتی ہے۔

# پیاری تِتلی





تِتلی پیاری پیاری ہے اُڑتی کیاری کیاری ہے
صورت اس کی نیاری ہے لگتی کتنی پیاری ہے
پھولوں سے رس پاتی ہے اپنی پیاس بجھاتی ہے




* دیکھو اور ملا کر پڑھو۔

| پ ی ا ر ی | ک ی ا ر ی | ن ی ا ر ی | پ ی ا س ی |
| --- | --- | --- | --- |

* ان لفظوں کو غور سے سنو اور حرفوں کو الگ کر کے لکھو۔



پیاسا – ............ ............ ............ ............ ............

پیارا – ............ ............ ............ ............ ............

نیارا – ............ ............ ............ ............ ............

* لفظوں کو پڑھو اور لکھو۔

| | | |
| --- | --- | --- |
| پیارا – ...................... | پیاری – ...................... | پیارے – ...................... |
| پیاسا – ...................... | پیاسی – ...................... | پیاسے – ...................... |
| نیارا – ...................... | نیاری – ...................... | نیارے – ...................... |

**ہدایت :**

- یہاں 'پیا'، 'کیا'، 'نیا' جیسی آوازیں بتانا مقصود ہے۔

# دوستی



زینت اور شیلا میں بڑی دوستی ہے۔

عید کے دن شیلا زینت سے عید ملنے آتی ہے۔ شیر خُرما پیتی ہے۔ دیوالی کے دن زینت بھی شیلا کے گھر جاتی ہے۔ دیوالی کی مٹھائی کھاتی ہے۔

قومی تہوار کے موقع پر دونوں جھنڈا لہرانے کی تقریب میں شریک ہوتی ہیں۔ ہمارا پرچم تین رنگ کا ہے۔ اوُپر زعفرانی رنگ ہے۔ بیچ میں سفید اور نیچے ہرا رنگ ہے۔ سفید پٹّی پر نیلے رنگ کا اشوک چکر ہے۔

دونوں کیسی اچھّی بچّیاں ہیں۔ اپنی اچھّی اچھّی باتوں سے سب کا دل جیت لیتی ہیں۔

## سرگرمی

* پڑھو اور لکھو۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| زینت | شیلا | عید | دیوالی | شیرخرما | تقریب |
| ---------- | ------- | ------- | ---------- | ---------- | ---------- |
| شریک | تین | بیچ | نیچے | نیلے | جیت |
| ---------- | ------- | ------- | ---------- | -------- | ---------- |

**ہدایت :**

- یائے معروف کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ بچوں سے چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے۔ گھر کام کے لیے آسان سرگرمیاں دے۔

# آسان نیکی





جماعت میں صدف اور فاروٗق کو کلام سر نے بتایا، "امّی کے کام میں مدد کرنا نیکی ہے۔" اسکوٗل سے گھر آنے کے بعد امّی کے کہنے پر فاروٗق چوک کے بازار جا کر ککڑی، لَوکی، گاجر اور ساگ لایا۔ صدف نے گملوں میں اُگے



گُلاب اور موگرے کے پودوں کو پانی دیا۔ فرش صاف کیا۔ ترکاری صاف کرنے میں امّی کی مدد کی۔ امّی نے خوش ہو کر دونوں کو قلفی دلائی۔



اس طرح صدف اور فاروٗق نے کلام سر کی بات پر عمل کیا۔



* پڑھو اور لکھو۔

صدف ، فاروق ، کلام ، اسکول ، چوک ،
ساگ ، گلاب ، فرش ، صاف ، خوش

برائے سماعت

# بازار











چل ری گُڑیا چل بازار
آج منائیں ہم اِتوار
گھر سے جب ہم باہر جائیں　　پہلے دیکھیں دائیں بائیں
رِکشے ، کاریں جب نہ آئیں　　جلدی جلدی قدم بڑھائیں
جھٹ سے کرلیں رَستہ پار





چل ری گُڑیا چل بازار
کھانے کا سامان خریدیں　　انڈے ، بسکٹ ، نان خریدیں
دادی ماں کے پان خریدیں　　شیشے کا گُل دان خریدیں
پھوُل خریدیں خوشبُودار





چل ری گُڑیا چل بازار

(تاج دار تاجؔ)

**ہدایت :**

• پہلے نظم کو سیدھی سادی لَے میں گائے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنے۔
• نظم سے متعلق بچوں سے بات چیت کرے اور چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے۔ ہم قافیہ الفاظ دہرائے۔

# اچھّی عادت



















**ہدایت :**

- اس سبق کے ذریعے طلبہ میں اچھی عادتیں پیدا کرنا مقصود ہے۔

# میرا اسکول



خالہ ماں نے گھنٹی بجائی۔ اسکول شروع ہوا۔ حارث نے عارف، نصرت اور سادات سے کہا، "چلو، دعا کے لیے چلیں۔" سب بچّے میدان میں جمع ہوئے۔ دعا کے بعد نصرت، حارث، سادات اور عارف جماعت میں بیٹھ گئے۔ اس کے بعد ان کے استاد حامد صاحب بھی آئے۔ سب نے کھڑے ہو کر انھیں ادب سے سلام کیا۔ اُستاد نے سلام کا جواب دیا۔ بچّے بیٹھ گئے اور استاد نے سبق پڑھانا شروع کیا۔

## سرگرمی

* جواب لکھو۔

۱۔ گھنٹی کس نے بجائی؟

۲۔ بچّے دعا کے لیے کہاں جمع ہوئے؟

۳۔ سبق میں دیا ہوا استاد کا نام بتاؤ۔

۴۔ دعا کے بعد بچّے کہاں گئے؟

* معمّا حل کرو۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | ص | ی | ب | م |
| ظ | ف | ر | ش | ا |
| ر | ی | ط | ا | ل |
| ف | ط | و | ط | ا |
| ر | ا | ت | ص | ف |

# ساجد اور مریم کے کھلونے





ابّا جان : السّلام علیکُم !

ساجد : وعلیکُمُ السّلام ابّا جان۔

ابّا جان : دیکھو، میں تمھارے لیے کار لایا ہوں۔

ساجد : بہت اچھّی کار ہے۔

مریم : ابّا جان، آپ میری گُڑیا لائے؟

ابّا جان : یہ لو تمھاری گُڑیا۔

مریم : واہ ! بہت پیاری گُڑیا ہے۔

* جواب لکھو۔

۱۔ کس نے سلام کیا؟

۲۔ سلام کا جواب کس نے دیا؟

۳۔ کار کیسی ہے؟

۴۔ مریم کی گُڑیا کیسی ہے؟

* تصویر میں نظر آنے والے کچھ کھلونوں کے نام بتاؤ۔



**ہدایت :**

- سوالیہ نشان کی علامت بتانا مقصود ہے۔
- کھلونوں کے ناموں کی لفظی پٹیاں بنا کر پڑھائے۔

مفت تقسیم کے لیے

برائے سماعت

# امّاں باجی کہتی ہیں

امّاں باجی کہتی ہیں چاند میں پریاں رہتی ہیں
رات کو پر پھیلاتی ہیں اور اُتر کر آتی ہیں
سب بچّوں کو سُلاتی ہیں اور پھر خواب دِکھاتی ہیں

امّاں باجی کہتی ہیں
چاند میں پریاں رہتی ہیں

میں تو آج نہ سوؤں گا رات گئے تک جاگوں گا
باہر باغ میں بیٹھوں گا چاند کی پریاں دیکھوں گا

امّاں باجی کہتی ہیں
چاند میں پریاں رہتی ہیں

(حامد اللہ افسرؔ)



ہدایت :

- پہلے نظم کو سیدھی سادی لَے میں گائے۔ طلبہ کو صرف سننے کے لیے کہے۔ دوسری مرتبہ اپنے ساتھ دہرانے کے لیے کہے۔ تیسری مرتبہ طلبہ کو اپنے ساتھ مل کر حرکات وسکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہے۔ آخر میں طلبہ سے انفرادی اور اجتماعی طور پر سنے۔
- نظم سے متعلق بچوں سے بات چیت کرے اور چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے۔ ہم قافیہ الفاظ دہرائے۔

برائے سماعت

# چالاک کوّا

ایک کوّا بہت پیاسا تھا۔ وہ پانی کی تلاش میں نکلا۔ اُس کو پانی کا ایک گھڑا دِکھائی دیا۔





کوّا گھڑے کے پاس گیا۔ اُس نے اپنی چونچ گھڑے میں ڈالی لیکن چونچ پانی تک نہ پہنچ سکی۔



اب کوّے کو ایک بات سوٗجھی۔ وہ کنکر اُٹھا اُٹھا کر لایا اور گھڑے میں ڈالتا گیا۔ ذرا سی دیر میں پانی اِتنا اوپر آ گیا کہ اُس کی چونچ آسانی سے پانی تک پہنچ گئی۔



کوّا بہت خوش ہوا اور جی بھر کر پانی پیا۔

**ہدایت :**

- کہانی سناتے وقت آواز کے مناسب اُتار چڑھاؤ، چہرے کے تاثرات اور حرکات وسکنات کا خیال رکھے۔
- کہانی کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھ کر بات چیت کرے۔
- تصویری کہانیوں کی نئی نئی کتابیں پڑھنے کی طرف راغب کرے۔
- تصویروں کو بے ترتیب کر کے ترتیب لگوائے اور چھوٹے چھوٹے جملے لکھ کر کہانی مکمل کرنے کو کہے۔

برائے عمل :

# آؤ، شربت بنائیں



چمچے سے ہلاؤ۔ ◯



ایک چمچہ شکر ڈالو۔ ◯



مزے لے لے کر پیو۔ ◯



ایک گلاس پانی لو۔ ◯



آدھا لیمو کا رس ڈالو۔ ◯

## بوجھو تو جانیں



میرا بھائی کہاں ہے؟
میاؤں میاؤں

تمھارا بھائی
☐ صفحے پر ہے۔

**ہدایت :**

- صحیح ترتیب لگا کر نمبر لکھنے کے لیے کہیے۔

برائے عمل :

# مِٹّی کے کھلونے



انیل مگ میں
پانی لے کر آیا۔



زید نے
چھلنی سے
مِٹّی چھانی۔



جوزف نے مٹّی میں پانی
ڈال کر مٹّی گوندھی۔



تینوں نے مل کر
مٹّی سے اچھے اچھے کھلونے
اور پھل بنائے۔



کھلونوں اور پھلوں کو سُکھایا
اور عمدہ طریقے سے سجایا۔

استاد نے سب کو شاباشی دی۔

ہدایت :

- یہاں اپنے طور پر املا بھی لکھائے۔

# جُملہ سازی

* جوڑیاں لگاؤ اور لکھو۔

مثال : پانی ٹھنڈا ہے۔

| | |
|---|---|
| کپاس | سخت ہیں۔ |
| پانی | گرم ہے۔ |
| روٹی | میٹھے ہیں۔ |
| دھوپ | چمکیلی ہے۔ |
| آم | ٹھنڈا ہے۔ |
| اخروٹ | نرم ہے۔ |

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



سلام کرو۔

سب کو سلام کرو۔

چھوٹے بڑے سب کو سلام کرو۔

چھوٹے بڑے سب کو سلام کرو، نیکی پاؤ۔

سرگرمی

* خالی جگہ میں لفظ لکھو۔



۱) سب کو ............................ کرو۔

۲) چھوٹے ............................ سب کو سلام کرو۔

۳) سلام کرو، ............................ پاؤ۔

ہدایت : • یہاں 'ختمہ' کی علامت بتانا مقصود ہے۔

# جُملہ سازی

* ہر دائرے سے ایک ایک لفظ لے کر جملہ بناؤ اور لکھو۔

پھوپھی ماموں
ابّا چاچا
بھائی جان دادا جان
امّی

آفس
اخبار ناشتہ
کام باتیں کھانا
چائے

جا رہے ہیں۔
کھا رہے ہیں۔
پڑھ رہے ہیں۔
کر رہے/کر رہی ہیں۔
بنا رہی ہیں۔

**مثال:** ابّا اخبار پڑھ رہے ہیں۔

.................................................... ....................................................

.................................................... ....................................................

.................................................... ....................................................

.................................................... ....................................................

* رنگ بھرو۔





# سچّی خوشی



نازیہ، فوزیہ، عمران اور کامران چوتھی جماعت میں پڑھتے تھے۔ وہ چاروں ایک ہی سوسائٹی میں رہتے تھے۔ انھوں نے اتوار کو کرکٹ میچ دیکھنے کا فیصلہ کیا۔ یہ سن کر نازیہ پریشان ہوگئی۔ نازیہ کو پریشان دیکھ کر عمران بولا، ''ہم سب ساتھ جائیں گے۔''

اتوار کو سب لوگ نازیہ کے گھر جمع ہوئے۔ نازیہ کو ساتھ لے جانے کے لیے اس کی امّی سے اجازت مانگی۔ امّی بولیں، ''ٹھیک ہے لیکن نازیہ کا خیال رکھنا۔ سب نے ایک ساتھ ہامی بھری۔

فوزیہ نے نازیہ کی وہیل چیئر پر بیٹھنے میں مدد کی۔ سب ساتھ میں اسٹیڈیم پہنچے۔ نازیہ نے سب کے ساتھ میچ دیکھنے کا لُطف اُٹھایا۔ میچ کے بعد سب نے راستے میں چاٹ کا مزہ لیا۔ گھر لوٹتے وقت نازیہ کا چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا۔



## سرگرمی

* دائروں میں چاروں دوست کے نام لکھو۔




* خالی چوکون میں لفظ لکھو۔

۱۔ دن کا نام ۔ ______

۲۔ کھیل کا نام ۔ ______

۳۔ جگہ کا نام ۔ ______

۴۔ کھانے کا نام ۔ ______

ہدایت : • مکمل جملے میں جواب لکھنے کے لیے کہیں۔

# گاندھی جی

یہ گاندھی جی ہیں۔ سب لوگ گاندھی جی کو باپو کہتے ہیں۔ وہ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ روز صبح سویرے اُٹھتے اور خُدا کی عِبادت کرتے۔ ان کا رہن سہن سیدھا سادہ تھا۔ وہ کہا کرتے تھے، ''ہم سب ایک ہیں، ہندو، مُسلم، سِکھ، عیسائی آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ہم سب ایک خُدا کے بَندے ہیں۔''



پہلے ہمارے مُلک پر انگریز راج کیا کرتے تھے۔ باپو نے کہا، ''آؤ، ہم سب مِل کر اپنے مُلک کو آزاد کرائیں۔'' سب نے اُن کا ساتھ دیا اور ہمارا ملک آزاد ہوگیا۔ اب ہم سب آزاد ہیں۔

* جواب لکھو۔

۱) سب لوگ گاندھی جی کو کیا کہتے ہیں؟

۲) گاندھی جی کا رہن سہن کیسا تھا؟

۳) پہلے ہمارے ملک پر کون راج کرتے تھے؟

۴) تم کون کون سے اچھے کام کرتے ہو؟

پیارے طالب علم دوستو اور سہیلیو!

اگر آپ کو کسی نے نامناسب طریقے سے چھوا تو آپ بے چین ہو گئے ہوں گے، اس پر آپ بالکل خاموش نہ رہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں۔

1) اپنے آپ کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں۔

2) آپ کو جس پر بھروسہ ہے اسے اس واقعے کے بارے میں بتائیں۔

3) آپ پوکسو ای-باکس کے ذریعے آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے قائم کردہ قومی کمیشن کو بھی مطلع کر سکتے ہیں۔

جب کوئی آپ کو نامناسب طریقے سے چھوتا ہے تو آپ کو بُرا لگ سکتا ہے، آپ اُلجھن محسوس کر سکتے ہیں، آپ بے بسی محسوس کر سکتے ہیں، لیکن 'بُرا' محسوس کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ آپ کی غلطی بالکل نہیں ہے۔




اس بٹن کو دبائیں۔

**POCSO یہ e-box ویب سائٹ : ncpcr@gov.in پر دستیاب ہے۔**

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کو ہراساں کیا گیا ہے، آپ اُلجھن میں ہیں، پریشان ہیں یا تناؤ کا شکار ہیں، یا کسی ایسے بچّے کے بارے میں جانتے ہیں جسے ہراساں کیا گیا ہے، تو **1098** پر رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کی اور دوستوں کی زندگی بدل سکتی ہے۔




**چائلڈ لائن 1098:** یہ ایک 24 گھنٹے والی ٹول فری قومی ایمرجنسی فون سروس ہے۔ یہ چائلڈ لائن فاؤنڈیشن کی طرف سے شروع کی گئی ایک پہل ہے، جسے وزارت برائے ہنگامی حالات برائے خواتین اور بچوں کی ترقّی نے متاثرین کے لیے شروع کیا ہے۔

नए समाज की ओर
Towards a new dawn

• ہدایت: طلبہ کو محفوظ اور غیر محفوظ لمس کے تعلق سے معلومات دیں۔

# राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।धृ।।

भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।१।।

काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला
निढळाच्या घामाने भिजला
देश गौरवासाठी झिजला
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा ।।२।।




مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل،
پونہ-۴۱۱۰۰۴
बालभारती इ. पहिली (उर्दू माध्यम)
مفت تقسیم کے لیے
समग्र शिक्षा
Samagra Shiksha